© rasailojaraid.com



انہیں ''ذوالنورین'' کہا جاتا ہے۔ بدر کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کو سیدہ رقیہؓ کی خدمت کے لیے گھر رہنے کو کہا (جو کہ بیمار تھیں) اور حق الخدمت میں یہ بشارت سنائی گئی کہ ان کو شرکاء بدر کے برابر ثواب دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ سیدنا عثمان کی شہادت تاریخ اسلام کی مظلومانہ شہادت ہے۔ یہود مدینہ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں جو سازشیں کی تھیں سیدنا عثمانؓ کے دور میں انہیں عملی جامہ پہنایا اور خیبر کی شکست کا بدلہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی ظلم وستم سے بھری شہادت کی صورت میں لیا۔ انھوں نے کہا کہ یہود خیبر کی شکست کو تا قیام قیامت نہیں بھولیں گے۔ آخر میں انھوں نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور سیمینار انہی کی دعا پر اختتام پذیر ہوا۔ سیمینار سے محمد اسماعیل بھٹی، محمد مغیرہ نے بھی خطاب کیا۔

## بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے۔ (سید محمد کفیل بخاری)

ملتان (پ ر) مجلس احرار اسلام ملتان کے امیر صوفی نذیر احمد، ناظم محمد ثقلین، نیاز احمد، عزیز الرحمٰن، سید محمد کفیل بخاری اور شیخ حسین اختر لدھیانوی نے مشترکہ بیان میں روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے یکم جنوری ۲۰۰۹ء سے قدرتی گیس کے موجودہ نرخوں میں اضافے کی منظوری دے دی ہے۔ جبکہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت کم ہو رہی ہے۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں تعلق رکھنے والے افراد نے اضافے کے فیصلے کو غریب دشمنی سے تعبیر کیا ہے۔ پیپلز پارٹی کی منتخب جمہوری حکومت نے بھی عوام کو کوئی ریلیف دینے کی بجائے مہنگائی کے ہولناک بم کا دھماکہ کر دیا ہے۔ مہنگائی پہلے سے آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ پٹرول، بجلی کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ سے غربت زدہ عوام فاقے اور خودکشیاں خودسوزیاں کر رہے ہیں۔ ان پر گیس کی قیمتوں میں اضافہ ستم بالائے ستم کی حیثیت رکھتا ہے۔

## تحفظ ختم نبوت تمام مسلمانوں کا فریضہ ہے۔ (سید محمد کفیل بخاری)

لاہور (۲۱ر دسمبر) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ تمام مسلمانوں کا فریضہ ہے۔ ہم سب کو مل کر اس تحریک کو زندہ رکھنا ہے۔ وہ ۲۱ر دسمبر کو علماء اکیڈمی منصورہ میں ختم نبوت کورس کے اختتام پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس تقریب سے جماعت کے رہنماؤں حافظ محمد ادریس، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، جمعیت اتحاد العلماء کے صدر مولانا عبدالمالک، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے صدر مولانا محمد الیاس چنیوٹی، جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا عبدالرؤف فاروقی، ممتاز دانشور محمد متین خالد اور دیگر حضرات نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ قادیانی، اسلام اور وطن کے خلاف خطرناک سازشوں میں مصروف ہیں۔ قادیانی بیک وقت امریکہ، برطانیہ، اسرائیل اور بھارت کے ایجنٹ ہیں۔ وہ استعماری ایجنڈے کی تکمیل کے لیے کام کر رہے ہیں۔ حکمران خبردار رہیں اور قادیانیوں سے متعلق آئینی دفعات کا نہ صرف تحفظ کریں بلکہ ان کے نفاذ کو یقینی بنائیں۔ مقررین نے علماء اکیڈمی کے ذمہ داران خصوصاً ڈاکٹر فرید احمد پراچہ صاحب کو ختم نبوت کورس منعقد کرنے پر خراجِ تحسین پیش کیا اور کامیابی پر مبارک باد دی۔



© rasailojaraid.com